# FEDERAL PUBLIC SERVICE COMMISSION

**Islamabad**

---

## PRESS RELEASE

**Subject: Clarification Regarding Misleading Social Media Post Alleging Irregularities in CSS-2026 Examination Answer Sheets**

Islamabad: The attention of the Federal Public Service Commission (FPSC) has been drawn to a post circulating on social media alleging that answer sheets pertaining to the CSS-2026 examination have gone missing, that the record maintained by the Secrecy Wing and Exam Cell is incomplete, and that certain coaching academies are colluding to manipulate seat allocations at examination centres in favour of their candidates.

The Commission categorically rejects these allegations as baseless, factually incorrect, and a concocted narrative motivated by ulterior objectives aimed at undermining the credibility of FPSC and the CSS examination system.

The receipt, counting, safe custody, and issuance of examination answer sheets at FPSC is governed by a robust, multi-tiered chain-of-custody mechanism operating under the Secrecy Wing and Exam Cell, involving verification, documentation, and supervisory oversight at every stage. The number of answer sheets received from every examination centre is recorded and cross-checked under the supervision of designated responsible officers, and no discrepancy, complaint, or irregularity in this regard exists on record.

The Commission further clarifies that there is no possibility whatsoever of any coaching academy or third party influencing or altering seat arrangements of candidates, as the formation of examination centres, roll number plans, and seating arrangements is carried out through a fully automated and transparent process, without any scope for manual interference.

FPSC remains firmly committed to the principles of transparency, merit, and impartiality across all stages of its examination process. The Commission has consistently taken prompt and transparent action whenever any verified complaint has been received. All candidates and members of the public are advised not to be misled by such unverified and motivated campaigns, and to rely solely on official information issued through FPSC's authentic channels.

The Commission reserves the right to pursue appropriate legal action against those responsible for spreading such baseless propaganda.

**Spokesperson**
**Federal Public Service Commission**

**فیڈرل پبلک سروس کمیشن**
**اسلام آباد**

---

## <u>پریس ریلیز</u>

**بابت: CSS-2026 امتحانی شیٹس کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی گمراہ کن پوسٹ کی وضاحت**

اسلام آباد: فیڈرل پبلک سروس کمیشن (FPSC) کے نوٹس میں سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ آئی ہے جس میں CSS-2026 کے حوالے سے امتحانی شیٹس کے مبینہ طور پر گم ہونے، Secrecy Wing اور Exam Cell کے ریکارڈ میں بے ضابطگی، اور بعض اکیڈمیز کے ساتھ گٹھ جوڑ کر امتحانی مراکز میں نشستوں کی ردوبدل کے سنگین الزامات عائد کیے گئے ہیں۔

کمیشن ان الزامات کی سختی سے تردید کرتا ہے اور واضح کرتا ہے کہ یہ الزامات حقائق سے یکسر عاری، من گھڑت اور مخصوص مقاصد کے تحت FPSC اور CSS امتحانی نظام کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہیں۔

FPSC میں امتحانی شیٹس کی وصولی، گنتی، حفاظت اور اجراء کا عمل Secrecy Wing اور Exam Cell میں قائم کردہ مربوط اور کثیر مراحل پر مشتمل حفاظتی نظام (Chain of Custody) کے تحت انجام دیا جاتا ہے، جس میں ہر مرحلے پر تصدیق، دستاویزی اندراج اور نگرانی شامل ہے۔ کسی بھی امتحانی سینٹر سے موصولہ شیٹس کی تعداد کا اندراج اور تصدیق متعلقہ ذمہ دار افسران کی نگرانی میں کی جاتی ہے، اور اس سلسلے میں کسی قسم کی بے ضابطگی، شکایت یا تضاد کا کوئی ریکارڈ موجود نہیں۔

کمیشن یہ بھی واضح کرتا ہے کہ کسی اکیڈمی یا کسی بھی فریق ثالث کے لیے امیدواروں کی نشستوں میں ردوبدل یا اثر انداز ہونے کا کوئی امکان سرے سے موجود نہیں، کیونکہ امتحانی مراکز کی تشکیل، رول نمبر پلان اور نشستوں کی تقسیم مکمل طور پر خودکار اور شفاف طریقہ کار کے تحت کی جاتی ہے، جس میں دستی مداخلت کی کوئی گنجائش نہیں۔

FPSC اپنے تمام امتحانی مراحل میں شفافیت، میرٹ اور غیر جانبداری کے اصولوں کا سختی سے پابند ہے۔ کسی بھی قسم کی مصدقہ شکایت موصول ہونے کی صورت میں کمیشن ہمیشہ فوری اور شفاف کارروائی کرتا رہا ہے۔ تمام امیدواروں اور عوام سے درخواست کی جاتی ہے کہ اس قسم کی غیر مصدقہ اور مقصدیت پر مبنی مہمات سے متاثر ہونے کے بجائے صرف FPSC کے سرکاری ذرائع سے جاری ہونے والی معلومات پر اعتماد کریں۔

کمیشن ایسے بے بنیاد پروپیگنڈے کے پھیلانے والوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا حق بھی محفوظ رکھتا ہے۔

**ترجمان**
**فیڈرل پبلک سروس کمیشن**